89971 ـ اکیڈمی والوں کے پاس پردہ کرنے سے پہلے کی تصاویر ہوں تو کیا انہیں تبدیل کروانا ضروری ہے ؟

سوال

دو برس قبل میں بےپرد تھی اور اکیڈمی میں زیر تعلیم تھی دفتری امور کے سلسلہ میں اکیڈمی والوں نے مجھ سے میری تصاویر بھی لی تھیں، اور اکیڈمی سے فراغت کے بعد اللہ تعالی نے مجھے ہدایت دی اور اب میں باپرد ہوں اور شرعی پردہ کرنا شروع کر دیا ہے (چہرہ اور ہاتھوں کا بھی پردہ کرتی ہوں) کیا مجھ پر ضروری ہے کہ میں اکیڈمی والوں سے پہلی تصاویر لے کر اب پردہ والی تصاویر جس میں صرف چہرہ ننگا ہو جمع کراؤں، جس میں کم از کم بال تو ننگے نہیں ہونگے.. اور اگر یہ اکیڈمی سروس مرکز میں بدل چکی ہو تو کیا ان کے پاس فائل (یہ فائل جس میں طالب علم کی تعلیمی قابلیت اور ا سکا تعارف ہے) میں لگی ہوئی تصاویر واپس دینے کا مطالبہ کروں.. اس سلسلہ میں آپ مجھے کیا کہتے ہیں ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اول:

ہم آپ کو مبارکباد دیتے ہیں کہ اللہ تعالی نے آپ کو پردہ جیسی نعمت عطا فرمائی اور یہ انعام کیا، جو فضل رفعت کا علامت و نشانی ہے، اللہ تعالی سے ہماری دعا ہے کہ وہ سب مسلمان عورتوں کو پردہ کرنے کی توفیق نصیب فرمائے.

دوم:

آپ پر لازم نہیں کہ ان تصاویر کو تبدیل کرائیں، کیونکہ عام طور پر یہ تصاویر اکیڈمی میں کچھ مدت تك تو فائل میں رکھی جاتی ہیں، اور انہیں کوئی بھی نہیں دیکھتا.

واللہ اعلم .